## سوال

(13)اللہ سے ڈور جس حدتک ممکن ہو

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ہم چند دوست اس غرض سے اکٹھے ہوئے کے دینی اور دنیاوی امور بحث مباحثہ کریں۔ حاضرین میں سے ایک نے سوال پیش کیا تھا کہ آیا ایک مسلمان ۱۰۰ فی صد ایک مسلمان کی سی زندگی گزار سکتا ہے اور اس پر قائم رہ سکتا ہے جبکہ اس معاملہ میں ایجابی اور سلبی قسم کے اجتماعئ دباؤ بھی موجود ہیں۔ یعنی اگر ایک مسلمان ہر اس چیز سے بچنا چاہئے ،جسے اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں حرام کیا ہے اور ہر اس چیز سے فائدہ اٹھانا چاہے اس نے حلال کیا ہے۔ یہی صورت سنت نبوی ﷺ کی ہے کہ وہ اس چیز پر عمل کرے جو مباح ہے اور منع کردہ اشیاء سے آیا وہ بچ سکتا ہے ؟

اس سوال کے مختلف جواب تھے۔ اگر چہ ہر جواب اچھا تھاتا ہم جوابات میں اختلاف حالات کے اختلاف سے متعلق تھا۔ ایک فریق یہ کہتا تھا کہ آدمی اس بات پر قادر ہے کہ وہ سوفی صد مسلمان کی سی زندگی گزار سکے۔ جبکہ دوسرا فریق اس بات کی موافقت نہیں کررہا تھا۔ دوسرا فریق جو سوفیصد مسلمانوکی سی زندگی گزارنے کی موافقت نہیں کررہا تھا۔اس کی توجیہ یہ تھی کہ معاشرتی دباؤکئی قسم کے ہیں جن میں سے ہوسکتا ہے کہ بہت سی باتیں نادرست ہوں تاہم معاشرہ انہیں اپنائے ہوے ہے۔ اس فریق نے اس کی مثال فٹ بال کے کھیل سے دی جس کی حکومت حوصلہ افزائی کررہی ہے۔ اس کے بجائے اگر نوجوانوں کو گھڑسواری، تیراکی اور تیزاندازی وغیرہ کی ٹریننگ دی جائے تویہ نوجوانوں کےلیے فٹ بال سے بہت زیادہ فائدہ مند ہے۔

دوسری مثال تصویر کشی اور مجسمہ سازی کی ہے ،تیسری مثال انسان کی غذا سے متعلق ہے جو حکومت بیرونی ممالک سے مختلف قسم کی گوشت درآمد کرتی ہے ،چوتھی مثال بنکوں کے فوائد ہیں۔ چنانچہ اور بھی کئی مثالیں پیش کی گئیں۔ جب یہ مباحثہ طول پکڑااور ہم نے بعض نقاط پر اتفاق کیا اور بعض میں اختلاف کیا تو ہم نے مناسب سمجھا کہ اپنا سوال آپ کو بھیج دیں۔ یہ توقع رکھتے ہوئے کہ شاید آپ کے ہاں سے شافی جواب مل سکے۔

احمد۔ ع۔ الریاض

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مسلم غیر معصوم ہے اور ہر انسان خطا کار ہے۔ ان خطا کاروں میں سے بہتر وہ لوگ ہیں جو توبہ کرنے والے ہیں جیسا کہ حدیث شریف میں آیا ہے لیکن اس بات کا امکان موجود ہے کہ ایک مسلمان اسلامی معاشرہ میں اپنی طاقت کے مطابق عمل پیرا ہوتے ہوئےاپنے دین کی محافظت کرسکے۔ اللہ عزوجل فرماتے ہیں

فَاتَّقُوا اللَّهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ ... ١٦ ...التغابن

''اللہ سے ڈرتے رہو جس قدر تم سے ہو سکے'' (التغابن : ١٦)

اب اگر اس سے کوئی ایسی خطا سرزد ہو جو اس نے دانستہ نہ کی ہو، یا اس کے اپنے اختیار کے مطابق اس کا گمان ہو کہ وہ جائز ہے اور اس کے پاس پوری معلومات نہ ہوں، یا اس نے کسی عالم سے پوچھا ہو اور اس نے ایسا فتویٰ دیا ہو جبکہ اس فتویٰ شریعت مطہرہ کے مطابق نہ ہو تو ان باتوں سے اس کے دین میں کوئی عیب واقع ہو جائے تو سچی توبہ کرنے میں جلدی کرنا اس پر واجب ہے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

# فتاویٰ دارالسلام

## ج1

## محدث فتویٰ